الدرس الرابع
چوتھا درس

علامات الساعة
قیامت کی نشانیاں

موت کے بارے میں کچھ اور چیزوں کی طرف اشارہ مناسب ہے:

۱- اللہ تعالی نے اس جہاں کو مستقل زندہ رکھنے کے لئے نہیں پیدا کیا ہے بلکہ ایک دن آئے گا جب یہ ختم ہو جائے گا، بس یہی وہ دن ہے جو قیامت کا دن ہو گا، یہ ایسی حقیقت ہے جس میں شک نہیں کیا جاسکتا۔ اللہ تعالی کا فرمان ہے: "یقینا قیامت لازما آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں، لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے ہیں"۔[غافر:٥٩]

دوسری جگہ ارشاد ہے: "جن لوگوں نے کفر کیا وہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس قیامت نہیں آئے گی، کہہ دیجئے کہ کیوں نہیں میرے رب کی قسم وہ ضرور آکر رہے گی"۔[سبأ:٣]

اور قیامت کا وقت بہت قریب پہنچ چکا ہے۔ اللہ تعالی کا فرمان ہے: "اور قیامت بہت قریب آگئی ہے"۔[القمر:١]۔ اور اللہ تعالی نے فرمایا: "لوگوں کے حساب کی گھڑی آن پہنچی ہے اور وہ غفلت میں منہ موڑے ہوئے ہیں"۔ [الأنبياء:١]۔ اس قریب کا مطلب انسانی پیمانے کے مطابق نہیں ہے اور جس طرح لوگ آپس میں بات کو بیان کرتے اور سمجھتے ہیں، بلکہ اس کا تعلق اللہ تعالی کے علم سے ہے اور دنیا کی جتنی عمر گذر گئی ہے اُس کی نسبت سے ہے۔

قیامت کی آمد کا علم غیب کا معاملہ ہے جس کا علم صرف اللہ تعالی کے پاس ہے، اس نے اپنی مخلوق میں سے کسی کو یہ علم نہیں دیا، اللہ تعالی کا فرمان ہے: "لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں سوال کرتے ہیں، کہہ دیجئے اس کا علم تو صرف اللہ تعالی کے پاس ہے، اور آپ کو کیا خبر شاید کہ قیامت قریب ہی کھڑی ہو"۔[الأحزاب:٦٣]

- حضور اکرم ﷺ نے قرب قیامت کی چند نشانیوں کا ذکر فرمایا ہے، جن کی تفصیل یوں ہے:

مسیح دجال کا ظہور: یہ لوگوں کے لئے سب سے بڑا فتنہ ہو گا، اس اعتبار سے کہ اللہ تعالی کچھ غیر فطری کاموں پر اسے قدرت عطا کردے گا جس کی وجہ سے لوگ دھوکے کا شکار ہو جائیں گے، مثلا وہ آسمان کو حکم دے گا اور بارش ہو جائے گی، وہ گھاس کو حکم دے گا وہ اُگ آئے گا، مردے کو زندہ کردے گا، اور اس طرح معجزہ نما کام انجام دے گا۔ آپ ﷺ نے بتایا ہے کہ وہ کانا ہو گا، وہ جنت اور جہنم جیسی چیزیں دکھائے گا، جسے وہ جنت کہے گا وہ در حقیقت جہنم ہو گی، اور جسے وہ جہنم کہے گا وہی جنت ہو گی، زمین میں صرف چالیس دن رہے گا، ایک دن سال کے برابر ہو گا، اور ایک دن مہینے کے برابر، اور ایک دن ہفتے کے برابر، پھر باقی دن عام دنوں کی طرح ہوں گے، وہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے علاوہ ساری دنیا میں گھومے گا پھرے گا۔

آمد عیسی علیہ السلام: قیامت کی نشانیوں میں سے ہے حضرت عیسی علیہ السلام کا دمشق کے مشرقی سفید منارے پر تشریف آوری، آپ صبح کو نزول فرمائیں گے آکر لوگوں کے ساتھ صبح کی نماز پڑھائیں گے، پھر دجال کا پیچھا کریں گے اور اُس کو قتل کردیں گے۔

مغرب سے طلوع آفتاب: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ سورج مغرب سے طلوع ہو گا، اسے دیکھتے ہی لوگ گھبرائیں گے، اور ایمان لائیں گے لیکن اس وقت کا ایمان لانا فائدہ مند نہ ہو گا۔

ان کے علاوہ بھی قیامت کی بہت سی نشانیاں ہیں۔